# RAPID ALERT

DRAP ALERT NO. Nº I/S/7-23-24

# انتباہ!

**تاریخ: 12 جولائی 2023**

**GLP-1-RA, ٹائپ II ذیابیطس میں استعمال ہونے والی دوا ہے اور پاکستان میں Novo Nordisk کی طرف سے تیار کردہ صرف ایک برانڈ " Ozempic انجیکشن" DRAP سے رجسٹرڈ ہے اور صرف رجسٹرڈ ڈاکٹر کے نسخے پر دستیاب ہے۔**

**ذیابیطس میں استعمال کے علاوہ یہ دوا اور اس جیسی دوسری ادویات وزن کم کرنے کے لیے بھی غیر قانونی طور پر آن لائن فروخت کی جارہی ہیں جو کہ ان کا منظور شدہ استعمال نہیں ہے۔ مزید یہ کہ ان آن لائن ذرائع سے خریدی گئی ادویات کا معیار قابل بھروسہ نہیں ہے۔**

**ان ادویات کے غلط استعمال اور بڑھتی ہوئی طلب کے نتیجے میں عالمی سطح پر ان ادویات کی قلت پیدا ہو رہی ہے جس کی وجہ سے جعلی ادویات کی دستیابی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ گزشتہ چھ ماہ میں ان جعلی ادویات کی دستیابی میں اضافے کے حوالے سے WHO کو رپورٹس موصول ہوئی ہیں۔ مختلف ناموں کی ان جعلی ادویات کی کئی اقسام مارکیٹ میں موجود ہیں اور غیر قانونی طور پر آن لائن فروخت ہو رہی ہیں۔**

**ان ادویات کی وجہ سے صحت عامہ کے لیے ممکنہ خطرات:-**

- **یہ دوائیں DRAP سے منظور شدہ نہیں ہیں۔**
- **یہ دوائیں کم افادیت رکھتی ہیں یا بالکل بھی اثر نہیں رکھتیں اور مریضوں کے لیے نقصان دہ ہو سکتی ہیں۔**
- **ان ادویات میں بیکٹیریا اور دیگر زہریلے اجزاء ہوسکتے ہیں جو مریضوں کے لیے خطرناک ہیں اور موت کا سبب بھی بن سکتے ہیں۔**

## ڈاکٹر، فارماسسٹ اور نرسوں کے لیے ہدایات:-

DRAP ڈاکٹروں، فارماسسٹ اور نرسوں سے ان ہسپتالوں اور فارمیسیوں میں نگرانی بڑھانے کی درخواست کرتا ہے جہاں یہ ادویات موجود ہیں۔ ڈاکٹروں اور فارماسسٹوں سے مزید درخواست کی جاتی ہے کہ وہ صرف مجاز اور منظور شدہ ذرائع سے ادویات کی خریداری کے لیے مریضوں کی رہنمائی کریں۔

ایسی کسی بھی دوا کے استعمال کے ساتھ پیش آنے والے منفی اثرات یا کوالٹی کے مسائل کی اطلاع نیشنل فارماکو ویجیلنس سینٹر (NPC) کو ایڈورس ایونٹ رپورٹنگ فارم یا اس لنک(primaryreporting.who-umc.org/PK) کے ذریعے آن لائن دی جا سکتی ہے۔ اسی طرح کے دیگر مسائل کی DRAP کو رپورٹ کرنے کے لیے مزید ہدایات فراہم کردہ لنک(https://www.dra.gov.pk/safety-information/safety-communication/report-a-problem/) کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

## عوام کے لیے ہدایات:-

اصل اور مستند ادویات کی خریداری کو یقینی بنانے کے لیے صارفین کو چاہیے کہ وہ ہمیشہ مجاز لائسنس یافتہ میڈیکل اسٹورز یا فارمیسیوں سے ادویات حاصل کریں اور کسی بھی شک کی صورت میں اپنے فارماسسٹ سے مشورہ کریں ۔

ان ادویات کے استعمال سے متعلق کسی بھی مسئلے کی صورت میں دوا کا استعمال ترک کر دیں اور فوری طور پر ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے رابطہ کریں اور واقعے کی اطلاع DRAP کو دیں۔